سابقہ تحقیق کا جائزہ

راقم کو حاصل معلومات کے مطابق احادیثِ لیس منا کے حوالے سے ""لیس منا" احادیث کا مطالعہ ' کے عنوان سے مقالہ نگار ریحانہ شیر علی ادارہ علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی سے ۲۰۱۳ء میں مکمل کیا ہے۔ دستیاب معلومات کے مطابق اس کے علاوہ اس موضوع پر مزید تحقیق نہیں کی گئی۔

اسلوبِ تحقیق

۱۔ مقالہ ہٰذا انتساب، اظہارِ تشکر، مقدمہ اور تین ابواب پر مشتمل ہو گا نیز مقالہ کے آخر میں مصادر و مراجع دیے جائیں گے۔

۲۔ قرآنِ مجید کا حوالہ پیش کرنے کی صورت میں سب سے پہلے سورت کا نام، سورت کا نمبر اور پھر آیت کا نمبر درج کیا جائیگا۔

۳۔ احادیث و آثار کا حوالہ دیتے وقت ان کے بنیادی مصادر و مراجع درج کیے جائیں گے۔

۴۔ مقالہ میں احادیث کی بنیادی کتب سے استفادہ کیا جائیگا۔ نیز شارحینِ حدیث کی شروحات سے استفادہ کیا جائیگا۔

۵۔ پہلی دفعہ حوالہ کی صورت میں کتاب اور مصنف کا مکمل نام درج کیا جائیگا جب کہ دوبارہ حوالہ کی صورت میں مصنف کے مختصر نام پر ہی اکتفاء کیا جائیگا نیز ایک ہی صفحہ پر مقرر حوالہ کی صورت میں سابق یا ایضاً درج کیا جائیگا۔ مقالہ کے آخر میں خلاصہ بحث، نتائج بحث، مصادر و مرجع اور سفارشات پیش کی جائیں گی۔

مقالہ ہٰذا میں احادیثِ لیس منا برصغیر کے شارحین حدیث کی تعبیرات کا تجزیاتی مطالعہ کیا جائے گا۔ اس کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

مقالہ ہٰذا کو تین ابواب اور ذیلی فصول میں تقسیم کیا گیا ہے۔ باب اوّل مبادیاتِ حدیث اور منتخب شارحین کے تعارف پر مشتمل ہو گا جس کی تین فصول ہیں۔ فصلِ اوّل کا عنوان مبادیاتِ حدیث ہے اس میں حدیث کا تعارف، اس کا معنی و مفہوم نیز حدیث کی تشریحی و تشریعی حیثیت بیان کی گئی ہے۔ فصلِ دوم صحیح بخاری و مسلم کے تعارف نیز ان کی شروحات کے تعارف پر مشتمل ہے جب کہ فصلِ سوم سنن اربعہ کے تعارف نیز ان کی شروحات کے تعارف پر مشتمل ہے۔

باب دوم کا عنوان احادیثِ لیس مِنّا کی اسناد و متون و پس منظر ہے۔ اس باب کو تین فصول میں تقسیم کیا گیا ہے، فصلِ اوّل میں احادیثِ لیس مِنّا کی اسناد کا اختلاف بیان کیا جائیگا۔ فصلِ ثانی احادیثِ "لیس مِنّا" کے متون کے اختلافات پہ مبنی ہو گی۔ فصلِ سوم احادیثِ لیس منا کی ضعیف روایات پر مشتمل ہے۔

بابِ سوم کا عنوان احادیثِ لیس منا کی تعبیرات و تشریحات ہے۔ اس باب کی فصلِ اوّل میں عقائد و معاملات کے باب میں وارد احادیث اور علماءِ برصغیر کی تعبیرات و تشریحات، فصلِ دوم اخلاق، آداب و فضائل کے باب میں وارد احادیث اور علماء کی تعبیرات و تشریحات فصلِ سوم شارحینِ احادیث کی تعبیرات کا تجزیاتی مطالعہ اور فصلِ چہارم میں ان احادیث کا ذکر کیا گیا ہے جن کی شروحات میسر نہیں ہیں۔